سوال

کیا ممکن ہے کہ آپ مجھے یہ بتائیں کہ بیوی کالپنے خاوند کواس کے نام سے پکارنا جائز ہے ؟

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کےلیے ، اوردوروو سلام ہوں اللہ کے رسول پر ، بعدازاں :

عورت کےلیےاپنے خاوند کے اس کے نام سے پکارنے میں کوئی حرج نہیں ، کیونکہ اس کی ممانعت پر کوئی دلیل نہیں پائی جاتی ، لیکن اس مسئلہ میں لوگوں کی عادات اورعرف معتبر ہے ۔

کسی ملک میں لوگوں کے اندر یہ معروف ہے کہ بیوی خاوند کومثلا کنیت سے پکارتی ہے ، اوران کے خیال میں خاوند کانام لے کرپکارنا بے ادبی ہے ، یا پھر خاوند یہ پسند نہیں کرتا کہ اسے اس کانام لے کرپکارا جائے ، توعورت کواس کا خیال رکھنا چاہیے ۔

اس لیے کہ ایسا کرنے میں خاوند سے حسن معاشرت ہے اوراللہ تعالی نے بھی حسن معاشرت کا حکم دیا ہے ، تویہ حسن معاشرت نہیں کہ اسے اس نام سے مخاطب کیا جائے جسے وہ ناپسند کرتا ہو ، یا پھر جسے لوگ نقص شمار کرتے ہوں ۔

خاوند اور بیوی کےلیے ضروری ہے کہ وہ ایک دوسرے کواس نام سے پکاریں جواس کے نزدیک سب سے محبوب اورپیارا ہو ، اس لیے کہ اس میں ان دونوں کے مابین محبت و الفت و مودت پیدا ہوگی اوراس میں زیادتی بھی ہوگی ۔

مناوی رحمہ اللہ تعالی نے فیض القدیر میں صحبت کے آداب بیان کرتے ہوئے کہا ہے کہ :

صحبت کے آداب میں رازافشاں نہ کرنا بلکہ اسےچھپانا ، عیب کی پردہ پوشی کرنا ، لوگوں کی وہ مذمت والی باتیں اسے پہنچانے سے گریز کرنا جواسے اچھی نہیں لگتیں ، بلکہ اسے لوگوں کی اس کے بارہ میں اچھی باتیں پہنچائی جائیں جوکہ اس کی تعریف کے بارہ میں ہوں ۔

بات چیت میں لچھارویہ اختیار کرنا اوراس کی بات کوسننا ، حقوق میں اس کا شکریہ ادا کرنا ، اس کی غیر موجودگی میں اس کے خلاف باتوں کی نفی کرنا اوراس کا دفاع کرنا ، اورضرورت کے وقت بغیر طلب کیے اس کا ساتھ دینا ، اسے نرمی اور تعریض کے ساتھ وعظ و نصیحت کرنا ، -اگراسے اس کی ضرورت ہوتو-اس کی غلطی اور کوتاہی سے صرف نظر کرنا ، اس پر عیب جوئی نہ کرنا ، اس کی زندگی اورموت کے بعد بھی خلوت میں اس کےلیے دعا کرنا ۔

اس کی خوشی کے وقت فرحت کا اظہار کرنا ، اوراگراسے کوئی نقصان ہوتواس میں غم کا اظہار کرنا ، جب وہ آئے توسلام کرنے میں ابتدا کرنا ، مجلس میں اس کےلیے جگہ بنانا ، اس کے لیے اپنی جگہ سے نکلنا ، اوراس کے کھڑے ہونے کی صورت میں اس کے پیچھے جانا ، جب وہ کلام کررہا ہوتوخاموشی اختیار کرنا ، اجمالی طور پر یہ ہے کہ اس کے ساتھ اس طرح معاملہ کرنا جس طرح وہ پسند کرتا ہو ۔ اھ ، اختصار کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے ۔

واللہ اعلم .

21532